**AQF / Fazil**

**14-03-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 حکومت نے **World Audio visual & Entertainment Summit (WAVES) 2025** سے قبل تخلیق کاروں کی معیشت کیلئے ایک ارب ڈالر کے فنڈ کا اعلان کیا ہے۔

2- اترپردیش حکومت سبھی میونسپل کارپوریشنوں کو شمسی توانائی کے حامل شہروں میں تبدیل کرے گی۔

3- رنگوں کا تہوار ہولی آج روایتی جوش خروش کے ساتھ ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔

4- چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلعے میں 17 نکسلیوں نے خود سپردگی کی ہے۔

5- اینفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ED) نے کنڑ اداکارہ رانیا راؤ کے سونے کی اسمگلنگ کے سنسنی خیز معاملے میں شامل ہونے کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔

6- اور کرکٹ میں، ممبئی انڈینس نے خواتین کے پریمیر لیگ کے الیمنیٹر راؤنڈ میں گجرات جائنٹس کو 47 رن سے شکست دی۔ کل فائنل میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ ڈیلی کیپیٹلس سے ہوگا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**WAVES-2025**

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹمنٹ سمٹ **WAVES-2025** کے حصے کے طور پر تخلیق کاروں کی معیشت کیلئے ایک اَرب ڈالر کے فنڈ کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ممبئی میں یکم مئی سے 4 مئی تک منعقد ہونے والا پروگرام تخلیق کار کمیونٹی کو اعلیٰ قدر کے حامل مواد تیار کرنے کا ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ جناب ویشنو کل نئی دلّی میں منعقدہ **WAVES-2025** کے اعلیٰ سطح کے ایک اجلاس میں اظہار خیال کررہے تھے۔ اس اجلاس کا انعقاد اطلاعات و نشریات کی وزارت نے **WAVES-2025** پروگرام سے قبل بین الاقوامی برادری کو شریک کرنے کے مقصد سے کیا

گیا تھا۔ جناب ویشنو نے مطلع کیا کہ گورے گاؤں، ممبئی میں فلم سٹی کے نزدیک پہلا انڈین انسٹی ٹیوٹ آف Creative ٹیکنالوجی IICT قائم کیا جائے گا۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ WAVES میڈیا اور تفریح کی صنعت کیلئے بات چیت، اشتراک وتعاون اور اختراع کو فروغ دینے کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام اس سیکٹر میں مواقع تلاش کرنے، چیلنجوں کو دور کرنے اور مستقبل کی تشکیل کیلئے صنعتی رہنماؤں، شراکت داروں اور اختراع کاروں کو اکٹھا کرے گا۔

**UP CM- SOLAR CITIES**

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اعلان کیا ہے کہ ریاست کے تمام میونسپل کارپوریشن کو سولر سٹیز میں تبدیل کردیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات کا اعلان گورکھپور میں منعقدہ صاف ہوا کے قومی پروگرام NCAP سے متعلق تین روزہ ورکشاپ اور قومی کانفرنس کے اختتامی اجلاس کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اجاگر کیا کہ اترپردیش 22 ہزار میگاواٹ، صاف ستھری توانائی پیدا کرنے کا ہدف مقرر کررہا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ 6 ہزار میگاواٹ قابل تجدید توانائی پیدا کرنے کے ساتھ اجودھیا شہر ریاست کی پہلی سولر سٹی بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح بندیل کھنڈ بھی پانچ ہزار میگاواٹ کی صلاحیت کے ساتھ ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کوریڈور کے طور پر ترقی کررہا ہے۔

اترپردیش کے وزیراعلیٰ نے کہا کہ سال 2070 تک بھارت کے صفر کاربن اخراج کے مقصد کو حاصل کرنے کیلئے قومی سے مقامی تمام سطح پر اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہوگی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ماحولیات کے تحفظ میں عوام کی شراکت داری بے حد ضروری ہے۔×

**NAXALS SURRENDER**

چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں 17 نکسلیوں نے خود سپردگی کی ہے۔ پولیس کے ایک سینئر اہلکار نے بتایا ہے کہ ایک جوڑے سمیت ماؤ نواز کاڈروں نے کل بیجا پور میں سینئر پولیس اور مرکزی ریزرو پولیس فورس CRPF کے اہلکاروں کے سامنے ہتھیار ڈالے۔ بیجا پور پولیس کے سینئر سپرنٹنڈنٹ جتیندر کمار یادو نے بتایا کہ ہتھیار ڈالنے والے نکسلیوں نے ماؤ نوازوں کے کھوکھلے اور غیر انسانی نظریات کو مایوس کُن قرار دیا۔ انہوں نے سینئر کیڈرس کے ذریعے معصوم قبائلیوں کے استحصال اور سیکورٹی فورسز کے بڑھتے ہوئے اثرات کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ لوگ Niya Nellanar اسکیم سے بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں، اس اسکیم کے تحت سیکورٹی فورسز اور انتظامیہ دوردراز علاقوں میں بنیادی سہولتیں فراہم کرنے اور ترقیاتی کام کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

خود سپردگی کرنے والے سبھی نکسلی غیر قانونی قرار دی گئی ماؤ نواز تنظیم کے Gangaloor علاقے کی کمیٹی میں مختلف کاموں میں سرگرم تھے۔ خودسپردگی کرنے والے 17 نکسلیوں میں سے 6 کیڈرس پر ایک-ایک لاکھ روپے کا انعام تھا۔ ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ، بَستر فائٹرس، خصوصی ٹاسک فورس، CRPF اور اس کے سرکردہ یونٹ CoBRA نے اِن نکسلیوں کی خودسپردگی میں اہم رول ادا کیا ہے۔×

**RANY RAO -ED**

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ-ED نے سونے کی اسمگلنگ کے سنسنی خیز معاملے میں تحقیقات شروع کردی ہیں، جس میں کرناٹک کے DGP ’کے راماچندر راؤ‘ کی بیٹی اور کنڑ اداکارہ رانیہ راؤ ملوث ہیں۔ ED نے بینگلورو میں آٹھ مقامات اور دیگر جگہوں پر چھاپے مارے ہیں۔ ED نے کل دیر شام تک بینگلورو کے Lavelle روڈ پر واقع رانیہ راؤ کے گھر پر تلاشی کی کارروائی انجام دی۔ ED نے رانیہ کے قریبی دوست Tarun Raju کے گھر پر بھی چھاپے ماری کی کارروائی انجام دی، جسے حال ہی میں ڈائریکٹوریٹ آف ریونیو، انٹیلیجنس-DRI نے گرفتار کیا ہے۔ DRI نے رانیہ راؤ کے شوہر جتن وجے کمار Hukkeri کے فلیٹس اور ٹھکانوں پر بھی چھاپے مارے۔

ذرائع کے مطابق چھان بین میں پتہ لگا ہے کہ رانیہ راؤ نے جتن کے کریڈٹ کارڈ سے بینگلورو سے دبئی آنے جانے کے ٹکٹ بک کئے تھے، جس کے سبب سونے کی اسمگلنگ کے معاملے میں ان کے ملوث ہونے کا شک پیدا ہوتا ہے۔×

**TELANGANA-MLCs**

تلنگانہ میں، مختلف سیاسی پارٹیوں کے 5 امیدوار MLA کوٹے کے تحت ممبران قانون ساز کونسل کے طور پر کل پرچہ واپس لینے کے آخری دن بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ ریٹرننگ آفیسر اوپیندر نے تمام 5 امیدواروں کو منتخب قرار دیا اور اُنہیں سرٹیفکیٹ پیش کیا۔ سابق ایم پی اور فلم اداکارہ Vijay Shant Adanki Dayakar اور شنکر نائک حکمراں پارٹی کانگریس سے منتخب ہوئے، جبکہ CPI کے ایم ستیم بھی کانگریس کی حمایت سے منتخب ہوئے۔ اپوزیشن BRS سے امیدوار Dasoju Sravan بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔×

**AMIT SHAH**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ تین روزہ دورے پر آج شام آسام پہنچیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب شاہ کئی پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ وہاں پہنچنے کے بعد جناب شاہ جور ہاٹ ہوائی اڈّے سے گولہ گھاٹ تک کا سفر کریں گے اور Dergaon میں لِچِت بار پھوکن پولیس اکیڈمی میں رات گزاریں گے۔

جناب شاہ کل صبح ایک جدید ترین پولیس اکیڈمی کا افتتاح کریں گے۔ جناب شاہ دن میں 2 بجے **Aizawl** میں آسام رائفلز اسٹیبلشمنٹس کو **Zokhawsang** میں منتقل کرنے کی ایک تقریب میں شرکت کریں گے۔ بعد میں وہ رات میں قیام کے لیے گوہاٹی واپس آجائیں گے۔

اتوار کے روز وزیر داخلہ **Kokrajhar** ضلعے کے ڈوٹما میں **All Bodo Students Union** کی **57** ویں سالانہ کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ جناب شاہ دن میں گوہاٹی میں نئی دلّی واپس آنے سے پہلے خطّے کے وزراء اعلیٰ کے ہمراہ شمالی مشرقی ریاستوں کے نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا جائزہ لیں گے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**HOLI**

رنگوں کا تہوار ہولی آج ملک بھر میں روایتی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ یہ فیسٹیول برائی پر اچھائی کی جیت اور بہار کے موسم کی آمد کا بھی عکاس ہے۔ یہ فیسٹیول ہولی سے ایک دن پہلے ہولی کا دہن کے ساتھ شروع ہوتا ہے۔ ہولی کا تہوار ذات، مذہب، عمر اور جنس سے قطع نظر سماج کے سبھی طبقوں کے ساتھ اتحاد اور بھائی چارے کے پیغام کے ساتھ نہایت جوش و خروش کے ساتھ منایا جاتا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ہولی کے موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہولی کا تہوار خوشی اور جوش و خروش لاتا ہے۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ یہ فیسٹیول ہماری زندگیوں میں اتحاد اور بھائی چارے کو فروغ دیتا ہے اور ہولی کے مختلف رنگ گوناگونیت میں اتحاد کے اقدار کے عکاس ہیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ فیسٹیول برائی پر اچھائی کی جیت کی بھی علامت ہے اور یہ ہمیں محبت اور مثبت نظریے کو عام کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔

اپنے پیغام میں نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ ہولی برائی پر اچھائی کی جیت اور بہار کی آمد کی علامت ہے، جو نئی شروعات اور نئے نظریات کی عکاس ہے۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ جب ہم شاندار روایت کی پاسداری کرتے ہیں اور اس تہوار کو مناتے ہیں، تو ہمیں اتحاد کے جذبہ قائم رکھنا چاہیے۔ ہولی کا تہوار اس کی ایک مثال پیش کرتا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہولی کے درخشاں رنگ ہمیں بھارت کے مالامال ثقافتی تنوع کی یاد دلاتے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ تہوار مسرت اور خوشحالی کو بھر دے گا، جس سے ایک نیا جوش و خروش پیدا ہوگا اور ہر ایک کی زندگی میں نئی توانائی حاصل ہوگی، نیز یہ رنگ ملک کے لوگوں کے مابین اتحاد کے رنگوں کو بھی گہرا کر دیں گے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے نئی دلّی میں آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز ایمس کے امراض کے محکمے کے سربراہ ڈاکٹر کوشل ورما نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ تقریبات کے دوران قدرتی رنگوں کا استعمال کریں اور سِنتھیٹک رنگوں سے گریز کریں۔

**GUJRAT-HOLI**

گجرات میں نہایت جوش و خروش کے ساتھ ہولی کا تہوار منایا جا رہا ہے۔ **Dakor** میں دوارکا کے جگت مندر، رنچھورداس مندر اور ریاست کے دیگر سرکردہ شری کرشن مندروں میں نہایت عالیشان طریقے سے **Fagani Punam** فیسٹیول **Fuldol Utsav** منعقد کیا جا رہا ہے۔

ایک رپورٹ۔ **V/C - Aparna Khunt**

*ہولی کے موقع پر 'جے دوارکا دھیش' جے ہری کرشنا اور جے رنچھوڑ کے نعروں کے درمیان بڑی تعداد میں عقیدت مند **Ful Dol** اُتسو اور فاگنی پونم اُتسو میں شرکت کیلیے ریاست کے دوارکا، **Dakor**، **Shmalaji** اور مشہور **Iskon** اور ہرے کرشنا مندر پہنچے۔ **Dakor** میں مشہور راجا رنچوڑ رائے مندر میں آج صبح منگلا آرتی ہوئی۔*

*احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......*

**METRO-HOLI**

ہولی کے موقع پر آج ایئر پورٹ ایکسپریس لائن سمیت دلّی میٹرو کی سبھی لائنوں پر دن میں ڈھائی بجے تک میٹرو خدمات دستیاب نہیں ہوں گی۔ دلّی میٹرو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا ہے کہ دلّی میٹرو خدمات سبھی لائنوں کے ٹرمینل اسٹیشنوں سے آج دن میں ڈھائی بجے سے پھر سے شروع ہوں گی اور اس کے بعد معمول کے مطابق چلیں گی۔x

**CBSE EXAM-HOLI**

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ **CBSE** نے کہا ہے کہ بارھویں جماعت کا امتحان، جو کہ کل منعقد ہونے والا تھا، باوجود ہولی کے تہوار کے اپنے طے شدہ وقت کے مطابق ہوگا۔ بورڈ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بارھویں جماعت کا ہندی **Core** اور ہندی **Elective** کا امتحان مقررہ تاریخ کو ہی منعقد ہوگا۔ بورڈ نے مزید کہا ہے کہ جو طلبا **15** مارچ کو منعقد ہونے والے امتحان میں کسی وجہ سے شرکت نہیں کرسکتے، انھیں ان طلبا کے ساتھ خصوصی موقع دیاجائے گا جوکہ قومی اور بین الاقوامی سطح کے کھیلوں میں حصہ لینے کی وجہ سے امتحان دینے سے قاصر ہیں۔x

**IMD-WEATHER**

بھارت کے محکمے موسمیات IMD نے آج جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد اور اروناچل پردیش کے دوردراز کے مقامات پر موسلا دھار بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، راجستھان، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں آج دن بھر ہواؤں کے شدید جھکّڑوں کے ساتھ گرج چمک ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات سے متعلق محکمے نے سوراشٹر، کچھ، وِدربھ، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، شمالی ساحلی آندھراپردیش اور اُڈیشہ میں آج گرمی رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے مزید کہا ہے کہ آسام، مگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور ، میزورم اور تریپورہ میں آج دوردراز کے مقامات پر اولہ باری ہونے کا بھی امکان ہے۔×

**CRICKET-WPL**

خواتین پریمئرلیگ WPL کرکٹ میں کل رات ممبئی کے Brabourne اسٹیڈیم میں الیمینٹر مقابلے میں ممبئی انڈینس گجرات جائنٹس کو 47 رن سے ہراکر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ فائنل میں کل ممبئی انڈینس کا مقابلہ ڈہلی کیپٹلس سے ہوگا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورس میں چار وکٹ پر 213 رن بنائے۔ سلامتی بلے باز Hayley Matthews نے 50 گیندوں میں 77 رن بنائے، جبکہ Nat Sciver-Brunt نے محض 41 گیندوں میں 77 رن بنائے۔ کپتان ہرمن پریت کور نے بھی صرف 12 گیندوں میں شاندار 36 رن بنائے۔ اس طرح ممبئی انڈینس ایک بڑا اسکور کھڑا کرنے میں کامیاب رہی۔

گجرات جائنٹس کی ٹیم 19 اوورس دو گیندوں میں 166 رن بناکر آوٹ ہوگئی۔ Hayley Matthews نے تین وکٹ حاصل کئے، انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ ممبئی انڈینس اور ڈہلی کیپٹلس کے درمیان فائنل میچ پہلے WPL-2023 کی یاد دلا رہا ہے۔ 2023 میں بھی دونوں ٹیموں نے فائنل کھیلا تھا، جس میں ممبئی انڈینس کو جیت حاصل ہوئی تھی۔ البتہ اس بار ڈہلی کیپٹلس نے ممبئی انڈینس کو دو مرتبہ ہرایا ہے۔×

**BADMINTON**

بیڈمنٹن میں بھارت کی Treesa Jolly اور ان کی ساتھی کھلاڑی گائتری گوپی چند، برطانیہ کے شہر برمنگھم میں جاری آل انگلینڈ اوپن چمپیئن شپ کے خواتین کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ بھارتی جوڑی نے کل شام جنوبی کوریا کی جوڑی Hee-Yong اور Kim Hye-Jeong کو ایک سخت مقابلے میں شکست دی۔ آج شام کوارٹر فائنل میں ٹریسا اور گائتری کا مقابلہ چین کی جوڑی Tan Ning اور Liu Shengshu سے ہوگا۔

اس سے پہلے بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین بھی ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے

شاندار کھیلا کا مظاہرہ کرتے ہوئے دفاعی چمپئن انڈونیشیا کے کھلاڑی Jonatan Christie کو پری کوارٹر فائنل میں ہرایا۔ آج کوارٹر فائنل میں لکشیہ کا مقابلہ چین کے کھلاڑی Li Shifeng سے ہوگا۔×

**WORLD PARA ATHELETICS**

عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری -2025 میں بھارت نے بڑی تعداد میں تمغے حاصل کئے ہیں۔ بھارت نے سونے کے 45 تمغے، چاندی کے 40 اور کانسے کے 49 تمغوں سمیت 134 تمغے جیتے ہیں۔

مردوں کے شاٹ Put، ایف-11-ایف 20 زمرے میں سبھی تمغے بھارت نے جیتے۔ بھارت کے کھلاڑی ساگر نے سونے کا تمغہ، جنکا سنگھ نے چاندی کا اور بالاجی راجیندرن نے کانسے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ دوسری طرف دو سو میٹر T35 مقابلے میں دیمتری Safronov نے چاندی کا، بھارت کے کھلاڑی وِنے نے چاندی کا جبکہ ابھیشیک بابا صاحب جادھو نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ خواتین کے 200 میٹر T35-T38 مقابلے میں آسٹریلیا کی ریائون کلارک نے سونے کا تمغہ، جبکہ مارگریٹاگ ون چاروا نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ بھارت کی کھلاڑی Preeti پال نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ اس سے پہلے انہوں نے سو میٹر کی دوڑ میں چاندی کا تمغہ بھی جیتا تھا۔×

**J&K CM OMAR ABDULLAH**

جموں وکشمیر میں وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے قانون ساز اسمبلی کو مطلع کیا کہ ریاست کی تشکیل نو کے بعد مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر اور لداخ کے درمیان اثاثوں، واجبات اور بجٹ کی شفاف طریقے سے تقسیم کو یقینی بنانے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ اثاثوں، واجبات اور قرضوں کے حوالے سے رکن اسمبلی قیصر جمشید لون کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ GAD کے نوٹیفکیشن SO-339، مورخہ 30 اکتوبر 2020 کے مطابق اس عمل کو انجام دیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کے زیر انتظام دونوں علاقوں کے درمیان اثاثوں، واجبات اور بجٹ کی منصفانہ منتقلی کو یقینی بنانے کیلئے تقسیم کا عمل انجام دیا جانا ہے۔ جناب عمرعبداللہ، جن کے پاس خزانے کی وزارت کا قلمدان بھی ہے، نے مزید کہا کہ کمیٹی کی زیادہ تر سفارشات کو پہلے ہی لاگو کیا جاچکا ہے۔ سرکاری قرض کی تقسیم کے سلسلے میں 2 ہزار 504 اعشاریہ چار چھ کروڑ روپے مالیت کے مالیاتی واجبات مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ کو منتقل کئے جانے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ اس معاملے کو وزارت داخلہ اور لداخ انتظامیہ کے ساتھ اٹھایا گیا ہے۔×

**J&K-GOVT HIKES DA**

جموں وکشمیر سرکار نے چھٹے پے کمیشن کے تحت ملازمین اور پنشن یافتگان کے مہنگائی بھتے میں اضافہ کرتے ہوئے بنیادی

تنخواہ اور پنشن کو 239 فیصد سے بڑھا کر 246 فیصد کردیا ہے۔ خزانے کے محکمے کے ایک حکم کے مطابق وہ ملازمین، جو اب بھی نظرثانی شدہ سے پہلے کے چھٹے پے کمیشن کے اسکیل کے تحت تنخواہ پا رہے تھے، انہیں نظرثانی شدہ مہنگائی بھتہ دیا جائے گا۔ اس حکم میں کہا گیا ہے کہ جولائی 2024 سے لے کر فروری 2025 تک کے بقایا جات کی ادائیگی بھی مارچ 2025 میں کی جائے گی۔ مارچ 2025 کے بعد نظرثانی شدہ مہنگائی بھتے کو ماہانہ تنخواہ میں شامل کردیا جائے گا۔ پنشن یافتگان کو بھی مارچ 2025 میں اُن کے پہلے کے بقایا جات کی ادائیگی کی جائے گی۔×

**J&K SPECIALLY FITTED SCOOTIES**

جموں وکشمیر میں انتظامیہ نے سال 2019 سے 2024 تک معذور افراد کو پانچ ہزار 439 خصوصی طور پر ڈیزائن کردہ اِسکوٹی فراہم کی ہیں۔ اس کے علاوہ تمام معذور افراد کا احاطہ کرنے کیلئے 2025 میں مزید 546 اِسکوٹی فراہم کی جائیں گی۔ فی الحال سماجی بہبود کا محکمہ جموں میں بینائی سے محروم بچوں کیلئے دو اسکول، جبکہ سری نگر میں بولنے اور سماعت سے محروم بچوں کیلئے ایک اسکول چلا رہا ہے۔ ان اسکولوں میں کُل 176 طلباء تعلیم حاصل کررہے ہیں۔

جموں وکشمیر میں معذوریت سے متعلق منفرد شناختی کارڈ UDID پہل کے تحت 92 اعشاریہ آٹھ آٹھ فیصد افراد کا حاطہ کرلیا گیاہے۔ اس کے تحت ایک لاکھ 91 ہزار 193 UDID کارڈ بنائے جاچکے ہیں۔ اس طرح جموں وکشمیر، ملک میں چھٹے مقام پر آ گیا ہے۔ اس کے علاوہ ریزرویشن پالیسی میں تبدیلیوں اور مختلف قسم کے معذور افراد کے معیار کے لحاظ سے مناسب عہدوں کے نوٹیفکیشن کے سبب 550 سے زیادہ معذور افراد کو سرکاری سیکٹر میں روزگار ملا ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسداللہ

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ملاپ نے اسرو کی ایک بڑی کامیابی کے عنوان سے اِس خبر کو نمایاں کیا ہے کہ اسرو نے SpadeX کے دو سیٹیلائٹس کو کامیابی سے کھول کر خلا کے شعبے میں تاریخ رقم کی۔ سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اِسے غیر معمولی کامیابی قرار دیا۔

آج ملک بھر میں رنگوں کا تہوار ہولی منائے جانے کی خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا انقلاب، پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے پیش کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ اس موقع پر سبھی سرکردہ شخصیات نے ملک کے لوگوں کو ہولی کی مبارکباد پیش کی۔

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے مطابق 12 ویں کلاس کا ہندی امتحان 15 مارچ کو ہی ہوگا۔ اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ملاپ نے مرکزی وزیر انّ پورنا دیوی کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بھارت ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے کے ذریعے صنفی تقسیم کو ختم کرنے کے تجربے کو مشترک کرنے کیلئے تیار ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور انقلاب کے بین الاقوامی خبروں کے صفحے کی کچھ خبریں اس طرح ہیں:

1- رمضان کے پہلے عشرے میں مسجد نبوی میں تقریباً ایک کروڑ سے زیادہ نمازیوں کی آمد۔

2- افغانستان میں بے گھر کنبوں کی مدد کیلئے بین الاقوامی اور گھریلو امدادی ایجنسیوں کے ساتھ افغانستان کی مہاجرین اور وطن واپسی کی وزارت نے مفاہمت کے چار اقرار ناموں پر دستخط۔

3- اور سعودی وزیر خارجہ کی فلسطین کے حوالے سے اجلاس میں شرکت۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1 حکومت نے World Audio visual & Entertainment Summit (WAVES) 2025 سے قبل تخلیق کاروں کی معیشت کیلئے ایک ارب ڈالر کے فنڈ کا اعلان کیا ہے۔

2- اترپردیش حکومت سبھی میونسپل کارپوریشنوں کو شمسی توانائی کے حامل شہروں میں تبدیل کرے گی۔

3- رنگوں کا تہوار ہولی آج روایتی جوش خروش کے ساتھ ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔

4- چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں 17 نکسلیوں نے خود سپردگی کی ہے۔

5- اینفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ED) نے کنڑ اداکارہ رانیا راؤ کے سونے کی اسمگلنگ کے سنسنی خیز معاملے میں شامل ہونے کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔

6- اور کرکٹ میں، ممبئی انڈینس نے خواتین کے پریمیر لیگ کے ایلیمنیٹر راؤنڈ میں گجرات جائنٹس کو 47 رن سے شکست دی۔ کل فائنل میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ ڈیلی کیپیٹلس سے ہوگا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

-----------------------------------